| Centre No. | | | | | | Paper Reference | Surname | Initial(s) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Candidate No. | | | | | | 1 9 0 1 / 3 H | Signature | |

Paper Reference(s)

# 1901/3H

# Edexcel GCSE

## Urdu

## Paper 3H – Reading and Responding

# Higher Tier

Friday 16 May 2008 – Morning

Time: 1 hour

Examiner's use only

Team Leader's use only

| Question Number | Leave Blank |
|---|---|
| 1 | |
| 2 | |
| 3 | |
| 4 | |
| 5 | |
| 6 | |
| 7 | |
| 8 | |
| Total | |

**Materials required for examination**
Nil

**Items included with question papers**
Nil

### Instructions to Candidates

In the boxes above, write your centre number, candidate number, your surname, initials and signature. The paper reference is shown above.
Answer ALL questions in the spaces provided in this question paper.
Do not use pencil. Use blue or black ink.
Some questions must be answered with a cross in the box (☒). If you change your mind about an answer, put a line through the box (☒) and then mark your new answer with a cross (☒).
You must answer in the same language as the question. You need not write in complete sentences.
Turn over to the next page **when you are told to do so**.

### Information for Candidates

You may **NOT** use a dictionary.
The marks for the individual questions and parts of questions are shown in round brackets: e.g. **(2)**.
There are 20 pages in this question paper. Any blank pages are indicated.
There are 8 questions in this question paper. The total mark for this paper is **50**.

### Advice to Candidates

You are reminded of the importance of clear and orderly presentation in your answers.

This publication may be reproduced only in accordance with Edexcel Limited copyright policy.
©2008 Edexcel Limited.

Printer's Log. No.
N30712A
W850/ /57570 6/3/3/3/
N 3 0 7 1 2 A 0 1 2 0

*Turn over*

edexcel
advancing learning, changing lives

Leave blank

**BLANK PAGE**

| Leave blank |
|---|

## سفر

سوال نمبر1:   آپ یہ معلومات ایک ٹکٹ پر پڑھتے ہیں۔

آپ سے گزارش ہے کہ تیس کلوگرام  سے زیادہ سامان اپنے سوٹ کیس میں نہ ڈالیں۔
ہاتھ کے سامان میں ایک چھوٹا بیگ  'ایک کیمرہ  'کوٹ'  کتاب یا رسالہ مُفت
لے جاسکتے ہیں۔ اگر آپ کا سامان اِس سے زیادہ ہوگا تو زیادہ  سامان کے پیسے
دینے ہوں گے۔

مندرجہ ذیل جملوں میں سے  پانچ (5) صحیح جملوں کے سامنے (☒) نشان لگائیے۔

| | | |
|---|---|---|
| مثال: | آپ پڑھنے کے لیے رسالہ ساتھ لے جاسکتے ہیں۔ | ☒ |
| (a) | آپ اپنی پسند کا سارا سامان لے جاسکتے ہیں۔ | ☒ |
| (b) | آپ  چالیس کلو سامان ساتھ لے جاسکتے ہیں۔ | ☒ |
| (c) | ایک چھوٹا بیگ ہاتھ میں لے جاسکتے ہیں۔ | ☒ |
| (d) | سوٹ کیس میں صرف کپڑے  ہونے چاہئیں۔ | ☒ |
| (e) | آپ اپنا کیمرہ مفت لے جاسکتے ہیں۔ | ☒ |
| (f) | آپ کو  تیس  کلو  سامان لے جانے کی اجازت ہے۔ | ☒ |
| (g) | آپ کو ہر چیز کے پیسے دینے ہوں گے۔ | ☒ |
| (h) | کتاب لے جانے پر پیسے نہیں لیے جائیں گے۔ | ☒ |
| (i) | ہاتھوں میں زیادہ سامان نہیں لے جانا چاہیے۔ | ☒ |
| (j) | آپ کو اپنے کوٹ کے لیے پیسے دینے ہونگے۔ | ☒ |

**Q1**

**(Total 5 marks)**

Leave blank

# کام کا تجربہ

سوال نمبر2: اِس عبارت کو پڑھیے۔

ہمارے اسکول میں دسویں سال کے طالب علموں کو ہر سال کام کے تجربے کے لیے بھیجا جاتا ہے۔ وہ دو ہفتوں کے لیے مختلف جگہوں پر جاتے ہیں ۔ یہ کام گھر کے نزدیک ہی کسی علاقے میں ہوتا ہے۔ کام کے دوران طالب علموں کو صبح سے شام تک کام کرنا ہوتا ہے جس سے وہ تھک جاتے ہیں ۔ اُنہیں اس کام کی کوئی تنخواہ نہیں ملتی لیکن کبھی کبھی انہیں کوئی تحفہ دے دیا جاتا ہے۔ کام ختم ہونے کے بعد اُنہیں رپورٹ بھی ملتی ہے۔ یہ بہت ضروری ہے کیونکہ اُن کی آئندہ زندگی میں کام آتی ہے۔



N 3 0 7 1 2 A 0 4 2 0

سوال نمبر2: سامنے کے صفحے کو پڑھ کر صحیح خانوں میں نشان (☒) لگائیں۔

مثال: کام کا تجربہ کس سال کے بچوں کے لیے ہے؟

| | |
|---|---|
| (i) نویں سال کے | ☐ |
| (ii) دسویں سال کے | ☒ |
| (iii) گیارھویں سال کے | ☐ |

(a) کام کے لیے طالب علم کہاں جاتے ہیں؟

| | |
|---|---|
| (i) الگ الگ جگہ پر | ☐ |
| (ii) کسی بھی جگہ پر | ☐ |
| (iii) ایک ہی جگہ پر | ☐ |

**(1)**

(b) کام کتنے عرصے کے لیے ہوتا ہے؟

| | |
|---|---|
| (i) ایک مہینے کے لیے | ☐ |
| (ii) دو ہفتوں کے لیے | ☐ |
| (iii) ایک ہفتے کے لیے | ☐ |

**(1)**

(c) کام ہر روز کتنی دیر کرنا ہوتا ہے؟

| | |
|---|---|
| (i) صرف صبح کو | ☐ |
| (ii) صرف شام کو | ☐ |
| (iii) سارا دن | ☐ |

**(1)**

(d) کام کرنے کے بدلے کیا ملتا ہے؟

| | |
|---|---|
| (i) پیسے ملتے ہیں | ☐ |
| (ii) پکّی نوکری ملتی ہے | ☐ |
| (iii) تجربہ ملتا ہے | ☐ |

**(1)**

(e) آخر میں ملنے والی رپورٹ

| | |
|---|---|
| (i) بہت مفید ہوتی ہے | ☐ |
| (ii) بیکار ہوتی ہے | ☐ |
| (iii) غیر ضروری ہوتی ہے | ☐ |

**(1)**

**(Total 5 marks)**

Leave blank

**Q2**

Leave blank

# میرا گھر

سوال نمبر 3: مندرجہ ذیل پیراگراف کو پڑھیے۔

میں ایک چھوٹے سے گھر میں رہتا ہوں۔ ہمارے گھر میں نیچے کی منزل پر بیٹھنے کا کمرہ ' کھانے کا کمرہ ' باورچی خانہ' غسل خانہ اور سٹور ہے۔اوپر کی منزل پر سونے کے چار کمرے اور دو غسل خانے ہیں۔ گاڑی کھڑی کرنے کے لیے ایک گیرج ہے۔اس میں میرے والد اپنی گاڑی کھڑی کرتے ہیں اور والدہ کی گاڑی باہر کھڑی کی جاتی ہے۔ گھر کے سامنے چھوٹا سا اور پیچھے کافی بڑا باغیچہ ہے۔سامنے کے باغیچے میں پھولوں کے پودے ہیں اور درمیان میں گھاس ہے۔پچھلے باغیچے میں میری امّی نے کچھ سبزیاں اُگائی ہوئی ہیں۔وہاں پھولوں کے پودے بھی ہیں جن میں گلاب مجھے بہت پسند ہیں۔ میرے چھوٹے بہن بھائیوں کے لیے جھولا بھی ہے۔



N 3 0 7 1 2 A 0 6 2 0

Leave blank

سوال نمبر 3: سامنے کے صفحے کو پڑھ کر نیچے دیے گئے خانہ 'الف' کے جملوں کو خانہ 'ب' کے درست حصوں سے ملا کر جملے مکمل کیجیے۔

| | الف | | ب |
|---|---|---|---|
| 1 | میں اپنے امّی ابّو کے ساتھ | A | پھولوں کے علاوہ ایک جھولا بھی ہے۔ |
| 2 | ہمارے گھر میں نیچے | B | نچلی منزل پر ہی ہیں۔ |
| 3 | نچلی منزل پر کوئی | C | ایک چھوٹے سے گھر میں رہتا ہوں۔ |
| 4 | ہمارا باورچی خانہ اور اسٹور | D | سونے کا کمرہ نہیں ہے۔ |
| 5 | سامنے کے باغیچے میں صرف | E | کی منزل پر بیٹھک اور کھانے کا کمرہ ہے۔ |
| 6 | پچھلے باغیچے میں سبزیوں اور | F | پھولوں کے پودے اور گھاس ہے۔ |

| | |
|---|---|
| مثال: 1 | C |
| 2 | |
| 3 | |
| 4 | |
| 5 | |
| 6 | |

Q3

**(Total 5 marks)**

Leave blank

# کرکٹ

سوال نمبر 4: اس عبارت کو پڑھیے۔

کرکٹ کا کھیل انگلستان سے شروع ہُوا۔ پھر جہاں جہاں انگریز گئے ‘ وہاں وہاں یہ کھیل اپنے ساتھ لے گئے۔ چند سال پہلے تک دنیا میں صرف آسٹریلیا‘ ویسٹ انڈیز‘ نیوزی لینڈ‘ ساؤتھ افریقہ‘ پاکستان‘ ہندوستان اور سری لنکا کی ٹیمیں مشہور تھیں۔ اب دنیا میں بہت سی نئی ٹیموں نے اپنی جگہ بنالی ہے۔ مثال کے طور پر بنگلہ دیش اور ہالینڈ کی ٹیمیں۔ پچھلے کچھ سالوں تک تو انگریز اپنا ہی کھیل بھول گئے تھے کیونکہ یہ کہیں سے بھی جیت کر نہیں آتے تھے لیکن اب انگلستان کی ٹیم نے اپنا مقا م بنالیا ہے۔ دوسری طرف پاکستان کی ٹیم کے متعلق پہلے سے کچھ کہنا مشکل ہے۔ یہ ٹیم ایک میچ شاندار طریقے سے جیت جاتی ہے تو دوسرا میچ بری طرح ہار جاتی ہے۔



N 3 0 7 1 2 A 0 8 2 0

Leave blank

سوال نمبر 4: سامنے کے صفحے کی عبارت پڑھ کر مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔

| | |
|---|---|
| مثال: کرکٹ سب سے ........ پہلے ......... انگلستان میں کھیلا گیا۔<br><br>(i) انگریزوں نے دوسرے ملکوں کے لوگوں کو یہ کھیل ..........................<br><br>(ii) چندسال پہلے صرف آٹھ .......................... کی ٹیمیں مشہور تھیں۔<br><br>(iii) انگریز خود اپنے ہی کھیل میں ........................... رہ گئے۔<br><br>(iv) کچھ ........................... سے انگلستان کی ٹیم بہتر ہوگئی ہے۔<br><br>(v) پاکستانی ٹیم کا کھیل...........................اچھا ہوتا ہے۔ | A سالوں<br>B بتایا<br>C شہروں<br>D بعد<br>E سکھایا<br>F ہمیشہ<br>G ملکوں<br>H آگے<br>I پہلے<br>J مہینوں<br>K پیچھے<br>L کبھی کبھی |

Q4

(Total 5 marks)



N 3 0 7 1 2 A 0 9 2 0

Turn over

Leave blank

# کتابیں پڑھنا

سوال نمبر5: اس عبارت کو پڑھیے۔

کچھ سال پہلے تک لوگوں کو کتابیں پڑھنے کا بہت شوق ہوا کرتا تھا۔ کیا بچّے کیا بڑے جس کو جب اور جہاں وقت ملتا، کتاب نکالتا اور اپنا شوق پورا کرتا۔ لیکن آج ایسا نہیں ہے۔ کتابیں پڑھنے کا شوق روز بروز کم ہو رہا ہے۔ اسکولوں کے بچّوں سے جب پوچھا گیا کہ وہ کس قسم کی کتابیں پڑھتے ہیں تو معلوم ہوا کہ ان میں سے اکثر کتابیں تو پڑھتے ہی نہیں بلکہ ویب سائٹ، ٹیکسٹ کے چھوٹے چھوٹے پیغامات اور ای میل پڑھتے ہیں۔ کتابیں پڑھنے کا نمبر سب سے آخر میں آتا ہے۔ ایک چوتھائی بچوں کا یہ بھی کہنا ہے کہ اس سے زیادہ پڑھنے کا اُن کا ارادہ بھی نہیں ہے۔ لڑکوں کی نسبت لڑکیوں کو کتابیں پڑھنے کا زیادہ شوق ہے۔ ان بچّوں سے جب پوچھا گیا کہ ان میں کتابیں پڑھنے کا شوق کیسے بڑھایا جا سکتا ہے تو اُن کا جواب تھا کہ زیادہ تصویروں اور چھوٹی چھوٹی کہانیوں والی کتابیں اُن میں پڑھنے کا شوق پیدا کر سکتی ہیں۔ عام طور پر خیال کیا جاتا ہے کہ لڑکیاں اپنے علم میں اضافے کے لیے کتابیں پڑھتی ہیں جبکہ لڑکے اکثر مجبوراً کتاب اُٹھاتے ہیں۔

Leave blank

سوال نمبر5:   سامنے کے صفحے کی عبارت پڑھ کر مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) | ............................... لوگوں کو کتابیں پڑھنے کا شوق تھا۔ | A | ضرورت کے وقت |
| | | B | کچھ سال پہلے |
| (ii) | آج کل صورتِ حال ............................................. | C | پہلے جیسی ہے |
| | | D | بہت مختصر |
| (iii) | بچّوں سے پوچھنے پر معلوم ہوا کہ وہ ........................... پیغام پڑھتے ہیں۔ | E | بہت سال پہلے |
| | | F | بہت مختلف ہے |
| (iv) | بچّے ............................... چھوٹی چھوٹی کہانیاں پسند کرتے ہیں۔ | G | تصویروں والی |
| | | H | بہت لمبے |
| (v) | آج کل اکثر نوجوان ................................. کتابیں پڑھتے ہیں ۔ | I | ہر وقت |
| | | J | تصویروں کے بغیر |

**(Total 5 marks)**

**Q5**



N 3 0 7 1 2 A 0 1 1 2 0

**Turn over**

Leave blank

## پسند اور ناپسند

سوال نمبر 6: اس عبارت کو پڑھیے۔

نائلہ: میں روزانہ کم از کم چھ گلاس پانی پیتی ہوں لیکن مجھے مختلف پھلوں کے رس بھی بہت پسند ہیں ۔ خاص طور پر آم کا رس۔

علی: مجھے چائے بہت پسند ہے۔ میں دِن میں تین چار مرتبہ چائے پیتا ہوں۔

نورین: علی! تم تو بہت چائے پیتے ہو۔ میں دِن میں صرف ایک پیالی چائے پیتی ہوں۔ گرمیوں میں لسّی بھی پی لیتی ہوں لیکن میرا پسندیدہ مشروب اناناس کا رس ہے۔

جاوید: میرے خیال میں کوئی بھی چیز پانی سے بہتر نہیں۔ اس میں نہ تو کیلوریز ہیں اور نہ ہی کوئی ملاوٹ۔ میں پانی کے علاوہ کچھ نہیں پیتا۔

قاسم: میں سبز چائے شوق سے پیتا ہوں ' وہ بھی دودھ اور شکر کے بغیر۔ کہتے ہیں کہ سبز چائے کھانا ہضم کرنے میں مدد دیتی ہے۔

زاہدہ: مجھے تو گرم چاکلیٹ سب سے زیادہ پسند ہے۔ البتہ میں ناشتے میں چائے پیتی ہوں۔

Leave blank

سوال نمبر 6: سامنے کے صفحے پر دی گئی عبارت پڑھیے۔ پھر نیچے دیے گئے خاکے میں مناسب خانوں میں (☒) نشان لگا کر بتائیے کہ اُنہیں سب سے زیادہ کون سا مشروب پسند ہے؟

مثال

| | زاہدہ | جاوید | نورین | نائلہ | قاسم | علی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| گرم چاکلیٹ | ☒ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| اناناس کا رس | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| سبز چائے | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| آم کا رس | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| پانی | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| چائے | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |

Q6

**(Total 5 marks)**

Leave blank

# باغبانی

سوال نمبر7: اس پیراگراف کو پڑھیے۔

باغبانی ایک دلچسپ مشغلہ ہے۔ فارغ وقت میں کیے گئے ہر کام سے سکون ملتا ہےلیکن پھولوں پودوں سے دلچسپی رکھنے والوں کا کہنا ہے کہ اس سے بہتر کوئی مشغلہ نہیں ہوسکتا۔ باغبانی میں فارغ وقت پُرسکون گزرتا ہے۔ باغبانی میں صرف بیج اور کھاد خریدنے پر پیسے خرچ ہوتے ہیں۔ اِس کے بدلے میں سبزیاں اور پھل خریدنے کی ضرورت کم ہوجاتی ہے۔ زمین تیار کر کے اس میں کھاد ڈالی جاتی ہے۔ پھر بیج بوئے جاتے ہیں۔ باقاعدگی سے پانی دیا جاتا ہے۔ جب کونپلیں پھوٹتی ہیں تو اُن کا دھیان رکھا جاتا ہے۔ پودوں کو پرندوں، کیڑوں مکوڑوں اور سوکھنے یا جلنے سے بچانا ہوتا ہے۔ پودے بڑے ہوتے ہیں، تو باغبان کی خوشی دیکھنے کے لائق ہوتی ہے۔ شاید ہی کوئی شخص ہو جسے پھول اچھے نہ لگتے ہوں لیکن باغبان کو اپنے پودوں اور پھولوں سے اپنے بچّوں کی طرح پیار ہوتا ہے۔ اگر پودا ذرا سا مُرجھا جائے تو وہ پریشان ہوجاتا ہے اور کوشس کر کے اس کا علاج کرتا ہے۔ پودا ٹھیک ہوجائے تو اس کی خوشی کی انتہا نہیں رہتی۔ پودوں میں پھول پھل لگتے ہیں۔ سبزیاں بڑی ہوجائیں تو پکانے کے کام آتی ہیں۔

پھول اور پودے باغیچے کی شان بڑھاتے ہیں۔ پھول گلدانوں میں لگائے جاسکتے ہیں جو گھر کی خوبصورتی میں اضافہ کرنے کے علاوہ ہر طرف خوشبو بکھیرتے ہیں۔

Leave blank

سوال نمبر7: سامنے کے صفحے کو پڑھ کر مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب **اردو** میں لکھیے۔

الف: باغبانی کے کیا فائدے ہیں؟

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................
**(2)**

ب: پودے لگانے سے پہلے کیا کرنا ہوتا ہے؟

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................
**(2)**

ج: پودوں کو کن چیزوں سے خطرہ ہوتا ہے؟

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................
**(2)**

د: باغبان کیوں پریشان ہو جاتا ہے اور کیا کرتا ہے؟

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................
**(2)**

ر: پھول اور سبزیاں کس طرح استعمال کی جاتی ہیں؟

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................
**(2)**

**Q7**

**(Total 10 marks)**

Leave blank

# ڈیوِڈ بیکھم

سوال نمبر8: اس عبارت کو پڑھیے۔

کھیل کی دنیا میں شاید ہی کوئی ایسا شخص ہو جس نے ڈیوِڈ بیکھم کا نام نہ سُنا ہو۔
وہ نہ صرف مانچسٹر یونائٹڈ بلکہ انگلستان کی فٹ بال ٹیم کا بھی کپتان رہ چکا ہے۔
اُس کی شہرت کی ایک وجہ اُس کی بیوی، سابقہ سپائز گرل وکٹوریہ بھی ہے۔
فٹ بال کے علاوہ اس کی آمدنی کا ایک بڑا ذریعہ اشتہار اور ماڈلنگ بھی ہیں۔
آج اس کا شمار انگلستان کے امیر ترین لوگوں میں ہوتا ہے۔
اسپین میں ایک دفعہ وہ ٹینس میچ دیکھنے گئے۔ وہاں ایک شہزادی بھی موجود تھیں۔
مزے کی بات یہ ہے کہ شہزادی کی طرف کسی نے آنکھ اُٹھا کر بھی نہ دیکھا جب کہ بیکھم کے گرد اتنے لوگ جمع ہو گئے کہ لوگوں کے کچلے جانے کا خطرہ پیدا ہو گیا۔
ڈیوڈ بیکھم اپنے بیٹوں کو ابھی سے فُٹ بال کھیلنے کی تربیت دے رہا ہے۔ نہ صرف اپنے بیٹوں کو بلکہ دوسرے بچّوں کو تربیت دینے کے لیے اُس نے امریکہ اور برطانیہ میں تربیتی مرکز قائم کیے ہیں۔ وہ نوجوان کھلاڑیوں کے لیے ایسی تربیت اور سہولتیں مہیّا کرنا چاہتا ہے جن سے وہ اپنے بچپن میں محروم رہا۔

Leave blank

Answer the following questions **in English.**

(a) What do you learn about David Beckham from the first sentence?

....................................................................................................................................

**(1)**

(b) Apart from football how, according to the text, has David Beckham achieved fame?

....................................................................................................................................

....................................................................................................................................

....................................................................................................................................

**(3)**

(c) What were the effects of David Beckham's presence at the tennis match in Spain? Mention **three** things.

....................................................................................................................................

....................................................................................................................................

....................................................................................................................................

**(3)**

(d) What has David Beckham done for future generations?

....................................................................................................................................

....................................................................................................................................

**(2)**

(e) Why has David Beckham done this?

....................................................................................................................................

**(1)**

**Q8**

**(Total 10 marks)**

**TOTAL FOR PAPER: 50 MARKS**

**END**

Leave blank

**BLANK PAGE**



N 3 0 7 1 2 A 0 1 8 2 0

Leave blank

**BLANK PAGE**



N 3 0 7 1 2 A 0 1 9 2 0

Leave blank

**BLANK PAGE**



N30712A02020